CRICKET ASSOCIATIONS CHAMPIONSHIP

کرکٹ ایسوسی ایشنز چیمپئن شپ کا بدھ سے آغاز ہوگا

لاہور، 28 ستمبر 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے اعلان کیا ہے کہ کرکٹ ایسوسی ایشنز چیمپئن کا بدھ سے آغاز ہوگا۔تین روزہ فارمیٹ پر مشتمل اس ایونٹ میں سندھ کی ٹیم اپنے ٹائٹل کا دفاع کرے گی۔

ایونٹ کے میچز 29 ستمبر سے 14 نومبر تک جاری رہیں گے۔ یہ میچز ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور کے علاوہ فیصل آباد کے اقبال اسٹیڈیم اور سعید اجمل اکیڈمی سمیت رانا نوید الحسن اکیڈمی شیخوپورہ میں کھیلے جائیں گے۔

ایونٹ کا افتتاحی میچ سندھ اور سینٹرل پنجاب کے مابین ایل سی سی اے گراؤنڈ لاہور میں کھیلا جائے گا۔دفاعی چیمپئن سندھ کی ٹیم حال ہی میں مکمل ہونے والے کرکٹ ایسوسی ایشنز ٹی ٹونٹی ٹورنامنٹ میں بھی کامیابی حاصل کرچکی ہے۔

اُدھر بلوچستان اور خیبرپختونخوا کی ٹیمیں اقبال اسٹیڈیم فیصل آباد جبکہ سدرن پنجاب اور ناردرن کی ٹیمیں رانا نوید الحسن اکیڈمی شیخوپورہ میں مدمقابل آئیں گی۔

ایونٹ کے تمام میچز ڈبل لیگ کی بنیاد پر کھیلیں جائیں گے۔ ایونٹ کا فائنل راؤنڈ 12 سے 14 نومبر تک کھیلا جائے گا۔ٹورنامنٹ میں زیادہ پوائنٹس حاصل کرنے والی ٹیم کو فاتح قرار دیا جائے گا۔ ایونٹ میں پوائنٹس کی تقسیم مندرجہ ذیل انداز سے کی جائے گی:

پہلی اننگز میں سبقت کے بعد میچ میں کامیابی حاصل کرنے پر: 9 پوائنٹس
پہلی اننگز میں خسارے کے بعدمیچ میں کامیابی حاصل کرنے پر: 6 پوائنٹس (ہارنے والی ٹیم کو کوئی پوائنٹ نہیں ملے گا)
پہلی اننگز برابر ہونے کے بعد میچ میں کامیابی حاصل کرنے پر: 6 پوائنٹس(ہارنے والی ٹیم کو کوئی پوائنٹ نہیں ملے گا)
میچ ڈرا ہونے کی صورت میں پہلی اننگز میں سبقت حاصل کرنے پر: 3 پوائنٹس
دونوں اننگز مکمل ہونے پر میچ برابر ہوجائے: دونوں ٹیموں کو 2،2 پوائنٹس

پہلی اننگز میں سبقت حاصل کرنےوالی ٹیم کو میچ برابر ہونے پر: 5 پوائنٹس
میچ بے نتیجہ یا ڈرا پر ختم ہو مگر پہلی اننگز برابر رہی ہو تو: دونوں ٹیموں کو 2،2 پوائنٹس
بارش یا کسی وجہ سے بے نتیجہ ختم ہونے والے میچ کی پہلی اننگز بھی مکمل نہ ہونے پر : دونوں ٹیموں کو 1،1 پوائنٹ
ایک اننگز کے مارجن سے کامیابی پر: ایک بونس پوائنٹ
فالو آن کا شکار ٹیم اگر میچ بچا لے(میچ ڈرا ہوجائے): ایک بونس پوائنٹ
فالو آن کا شکار ٹیم اگر میچ جیت جائے تو: 2 بونس پوائنٹ

اس موقع پر تمام ٹیموں کے کپتان پرامید ہیں کہ ٹورنامنٹ میں شریک ٹیمیں متوازی ہیں، شائقینِ کرکٹ کو سخت مقابلے دیکھنے کو ملیں گے:

عظیم گھمن، کپتان بلوچستان سیکنڈ الیون:
ہم نے ٹورنامنٹ کے لیے بھرپور تیاری کررکھی ہے۔ ہمارا اسکواڈ نوجوان اور تجربہ کار کھلاڑیوں پر مشتمل ہے۔ اچھے آلراؤنڈرز اور تجربہ کار بیٹرز کے سبب بیٹنگ ہمارا مضبوط شعبہ ہے۔

علی شان، کپتان سنٹرل پنجاب سیکنڈ الیون:
ہم اس تین روزہ کرکٹ ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کے لیے پوری طرح تیار ہیں۔ ہمارا فاسٹ باؤلنگ ڈیپارٹمنٹ بہت مضبوط ہے ، امید ہے ٹورنامنٹ میں اچھی کارکردگی پیش کریں گے۔

وقار احمد ، کپتان خیبرپختونخوا سیکنڈ الیون:
ہم نے ٹورنامنٹ کی تیاری کے لیے ایک ہفتے پر مشتمل کیمپ میں شرکت کی۔ ہمارے اسکواڈ میں نوجوان اور باصلاحیت کھلاڑی شرکت کررہے ہیں۔

عمر وحید، کپتان ناردرن سیکنڈ الیون:
ہم نے ٹورنامنٹ کے لیے لگائے گئے تربیتی کیمپ میں اپنی خامیوں کو دور کرنے کے لیے سخت محنت کی ہے۔ ہمارے پاس اچھے اسپنرز موجود ہیں، جو حریف ٹیم کو آل آؤٹ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

سیف اللہ بنگش ، کپتان سندھ سیکنڈ الیون :
ہم ایونٹ میں ٹائٹل کا دفاع کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ہمارا اسکواڈ متوازی ہے، گزشتہ سیزن سے بھی بہتر کارکردگی پیش کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

کھلاڑیوں پر کوئی دباؤ نہیں بلکہ وہ ٹورنامنٹ میں بہترین کھیل پیش کرنے کے لیے پراعتماد ہیں۔

معین الدین،کپتان سدرن پنجاب سیکنڈ الیون :
ٹورنامنٹ کے آغاز سے قبل کنڈیشنز سے ہم آہنگ ہونے کے لیے تربیتی کیمپ کا انعقاد کیا، جہاں کوچز نےبھرپور محنت کی ہے۔ پرعزم ہیں کہ کھلاڑی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

HELP PREVENT CORONAVIRUS

Shaukat Khanum Memorial Cancer Hospital and Research Centre

WASH HANDS THOROUGHLY

KEEP YOUR DISTANCE

AVOID CROWDED PLACES

WEAR A MASK

COUGH & SNEEZE INTO A TISSUE OR ELBOW

STAY HYDRATED

STAY AT HOME IF YOU FEEL ILL

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters

Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000

Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial